# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 19 January-2026

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۹/جنوری ۲۰۲۶ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

:::::: سرخیاں ::::::

پیش ہیں خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ وزیرِ اعلیٰ کی سوئزر لینڈ میں آج سے شروع ہونے والی ورلڈ اکنامک فورم کانفرنس میں شرکت۔

☆ حکومت کا بنیادی ہدف ملک کے دفاعی پیداواری شعبے کو خود کفیل بنایا ہے: وزیرِ دفاع کا اظہارِ خیال۔

☆ آئندہ 24 اور 25 جنوری کو ناندیڑ میں منعقد ہونے والے ''ہندی چادر'' پروگرام کی تیاریاں زوروں پر۔

☆ اجنتا- ایلورہ بین الاقوامی فلم فیسٹیول میں اس برس کے 'پدم پانی' ایوارڈ کیلئے سینئر موسیقار اِلیا راجہ کے نام کا اعلان۔

اور۔۔۔☆ نیوزی لینڈ نے یک روزہ کرکٹ سیریز 1-2 سے جیتی۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے...

وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس سوئزر لینڈ میں آج سے شروع ہونے والے ورلڈ اکنامک فورم کانفرنس میں شرکت کررہے ہیں۔ اس کانفرنس میں مہاراشٹر کے روشن مستقبل کے تصور اور مواقع کو عالمی رہنماؤں کے سامنے پیش کیا جائے گا۔ گذشتہ برس کے 16 لاکھ کروڑ روپئوں کی سرمایہ کاری کے معاہدوں کے بعد، ریاستی حکومت نے اس برس مزید سرمایہ کاری کو راغب کرنے کا ہدف مقرر کیا ہے۔ اس کانفرنس میں عالمی صنعتی گروپوں، سرمایہ کاروں اور پالیسی سازوں کے ساتھ بات چیت کرکے ریاست میں براہِ راست سرمایہ کاری، صنعتوں کے قیام، روزگار کی تخلیق اور اقتصادی ترقی کو فروغ دینے پر توجہ مرکوز کی جائیگی۔

اسی بیچ کل سوئزر لینڈ کے زورچ میں وزیرِ اعلیٰ کے استقبال کیلئے تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر وزیرِ اعلیٰ پھڑنویس نے کہا کہ مہاراشٹر ٹریلین ڈالر معیشت کے ہدف کو پانے والی ملک کی پہلی ریاست بن جائے گی اور یہ ہدف آئندہ 3 تا 4 برسوں میں حاصل کرلیا جائے گا۔ انھوں نے وضاحت کی کہ وزیرِ اعظم نریندر مودی کی قیادت میں آئندہ پانچ برسوں میں ممبئی، ناگپور، پونے، ناسک، چھترپتی سمبھاجی نگر اور کولہاپور میں نمایاں ترقی دیکھنے کو ملے گی۔ مہاراشٹر نہیں رُکے گا اور ریاست تیزی سے آگے بڑھے گی۔

***** ***** *****

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کل آسام میں قاضی رنگا Elevated Road پروجیکٹ کا سنگِ بنیاد رکھا۔ اس پروجیکٹ کے تحت جس میں تقریباً سات ہزار کروڑ روپئوں کی سرمایہ کاری شامل ہے، قومی شاہراہ 715 کو کالیابور تا نمالی گڑھ تک فور ٹریک کرنے کی تجویز ہے۔ اس موقع پر وزیرِ اعظم نے بتایا کہ مہاراشٹر کے حالیہ میونسپل کارپوریشن انتخابات میں بھارتیہ جنتا پارٹی نے ان کی حکومت کے ترقیاتی کاموں کے سبب واضح اکثریت حاصل کی ہے۔ انھوں نے کہا:

**Byte: Prime Minister Narendra Modi**

***** ***** *****

وزیرِ دفاع راج ناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ حکومت کا بنیادی مقصد ملک کے دفاعی پیداوار کے شعبے کو خود کفیل بنانا ہے۔ وزیر موصوف کل ناگپور کے کونڈھالی روڈ پر واقع شیبوا- ساونگا علاقے میں سولار انڈسٹریز کی جانب سے قائم کی گئی Medium Calibre Ammunation Facility in Pinka guided Rockets کے اجراء کے موقع پر بول رہے تھے۔ انھوں نے کہا:

**Byte: Defence Minister Rajnath Singh**

***** ***** *****

رواں برس یومِ جمہوریہ کے موقع پر مہاراشٹر کی پریڈ تھیم ''گنیش اُتسو- خود انحصاری کی علامت'' اس عنوان پر مبنی ہوگی۔ یہ پریڈ ریاست کی روایات اور معیشت کی عکاسی کرے گی۔ یوروپین کاؤنسل کے صدر انٹونیو کوسٹا اور یوروپین کمیشن کی سربراہ اُرسُلا وین ڈیرلیئن اس تقریب کے مہمانِ خصوصی ہوں گے۔ اس برس پہلی بار یومِ جمہوریہ کی پریڈ میں ''Battle Aeray'' کی نمائش کی جائیگی جس میں ارجن ٹینک' T-90 Bhishm' رافیل طیاروں اور دیسی ساختہ جدید ترین ہتھیاروں کی شاندار نمائش شامل ہے۔ اس پریڈ میں فوج کی 18 یونٹس' 13 بینڈز سمیت 30 جھانکیاں حصہ لیں گی۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

کانگریس کے ریاستی صدر ہرش وردھن سپکاڑ نے کہا ہے کہ کانگریس نے بلدیاتی انتخابات میں بغیر کسی سمجھوتے کے نظریاتی جنگ لڑی ہے۔ سپکاڑ' کل ممبئی میں کانگریس قائدین سے ملاقات کے بعد میڈیا سے بات کررہے تھے۔ انھوں نے وضاحت کی کہ آئندہ ضلع پریشد انتخابات میں جہاں تک ممکن ہو' وہ ہم خیال جماعتوں کو ساتھ لیکر الیکشن لڑیں گے۔ تاہم' وہ کسی بھی صورت میں بی جے پی' شیوسینا اور راشٹروادی کانگریس سے اتحاد نہیں کریں گے۔ انھوں نے بتایا کہ حکومت نے وارانسی کے ''منی کرینکا'' گھاٹ پر واقع اہلیا بائی ہولکر کی یادگار پر بلڈوزر چلا دیا ہے اور گھاٹ پر موجود کئی دیوتاؤں کی مورتیاں بھی تباہ ہوگئی ہیں۔ سپکاڑ نے کہا کہ حکومت کو اس معاملے میں معافی مانگنی چاہیئے' ورنہ کانگریس پارٹی براہِ راست کاشی اور مہاراشٹر بھر میں ''آتم کلیش'' آندولن کرے گی۔

***** ***** *****

ڈویژنل کمشنر جتندر پاپلکر نے کل ناندیڑ میں آئندہ 24 اور 25 جنوری کو ''شری گرو تیغ بہادر صاحب جی'' کے 350 ویں یومِ شہادت کے موقع پر منعقد کیے جانے والے ''ہند دی چادر'' پروگرام کی تیاریوں کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر پاپلکر نے تمام سماجی تنظیموں سے اپیل کی کہ وہ اس پروگرام کے دوران عقیدتمندوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کی خاطر آگے آئیں۔

اسی بیچ ''ہند دی چادر'' پروگرام کی مناسبت سے چھترپتی سمبھاجی نگر کے اسکولوں میں گرو تیغ بہادر کے کارناموں اور تاریخ سے آگاہی کی خاطر مختلف سرگرمیوں کا انعقاد کیا جارہا ہے۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر میں منعقد ہونے والے گیارہویں اجنٹا- ایلورہ بین الاقوامی فلم فیسٹیول کے دوران دیئے جانے والے باوقار 'پدم پانی' ایوارڈ کیلئے اس برس بھارتی سینما میں بے مثال تعاون کی خاطر سینئر موسیقار پدم وبھوشن اِلیا راجہ کے نام کا اعلان کیا گیا ہے۔ اس فیسٹیول کی تنظیمی کمیٹی نے کل یہ اطلاع دی۔ یہ فیسٹیول 28 جنوری سے یکم فروری تک جاری رہے گا۔

***** ***** *****

میونسپل انتظامیہ نے وضاحت کی ہے کہ چھترپتی سمبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن کی نئی مجلس بلدیہ میں مزید 10 کو آپٹ ممبران کو نامزد کیا جائے گا۔ جس کے بعد کارپوریٹرس کی کُل تعداد 125 ہوجائے گی۔ان انتخابات میں کُل 115 کارپوریٹرس چن کر آئے ہیں' تاہم 2023 کے حکومتی سرکُلر کے مطابق 10 منظور شدہ کارپوریٹرس کا تقرر کیا جائے گا۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر کے ویویکا نند کالج میں آج سے ویویکا نند لیکچر سیریز کا انعقاد کیا جارہا ہے۔اس تین روزہ لیکچر سیریز میں مشہور کالم نگار آنند مینسے' سینئر تاریخ داں رام پنیانی' سیاسی تجزیہ کار پروفیسر پوروانند مختلف موضوعات پر لیکچر دیں گے۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر کے خلدآباد میونسپل کاؤنسل کے نائب صدر عہدے کے انتخاب کے دوران بی جے پی کے امیدوار کو ووٹ دینے پر کانگریس پارٹی نے اپنے چار کاؤنسلرز کے خلاف معطّلی کی کارروائی کی تجویز پیش کی ہے۔ پارٹی کے تعلقہ صدر انل نلاوڑے نے یہ تجویز ضلع صدر کرن پاٹل ڈونگاؤنکر کو روانہ کی ہے۔ ضلع صدر نے اسے حتمی فیصلے کیلئے کانگریس پارٹی کے ریاستی صدر کو سونپ دیا ہے۔گذشتہ جمعہ کو ہوئے الیکشن میں کانگریس کے چار کونسلرز نے پارٹی وہپ کی خلاف ورزی کرتے ہوئے بی جے پی امیدوار نوناتھ بارگل کو ووٹ دیا،جس سے وہ جیت گئے۔

***** ***** *****

اندور میں کھیلے گئے تیسرے یک روزہ میچ میں نیوزی لینڈ نے بھارت کو 41 رنوں سے شکست دے دی۔اس فتح کے ساتھ ہی نیوزی لینڈ نے تین میچوں کی سیریز 1-2 سے جیت لی۔کل کھیلے گئے اس میچ میں مہمان ٹیم نے پہلے بلّے بازی کرتے ہوئے 338 رنوں کا ہدف دیا۔ جواب میں بھارتی ٹیم وراٹ کوہلی کی سنچری کے بل بوتے پر 46 اوورز میں 296 رنز ہی بنا پائی۔

***** ***** *****

ریاست میں کل سب سے کم درجۂ حرارت گوندیا میں 9 اعشاریہ آٹھ سیلسیئس ریکارڈ کیا گیا۔وہیں مراٹھواڑہ میں درجۂ حرارت میں اضافہ درج کیا گیا ہے۔دھاراشیو اور ناندیڑ میں اوسطاً درجہ حرارت 13 ڈگری سیلسیئس رہا' جبکہ چھترپتی سمبھاجی نگر' پربھنی اور بیڑ میں اوسط درجہ حرارت 14 ڈگری سیلسیئس ریکارڈ کیا گیا۔

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**اور آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر...**

☆ وزیرِ اعلیٰ کی سوئزرلینڈ میں آج سے شروع ہونے والی ورلڈ اکنامک فورم کانفرنس میں شرکت۔

☆ حکومت کا بنیادی ہدف ملک کے دفاعی پیداواری شعبے کو خود کفیل بنایا ہے: وزیرِ دفاع کا اظہارِ خیال۔

☆ آئندہ 24 اور 25 جنوری کو ناندیڑ میں منعقد ہونے والے ''ہند دی چادر'' پروگرام کی تیاریاں زوروں پر۔

☆ اجنٹا-ایلورہ بین الاقوامی فلم فیسٹیول میں اس برس کے 'پدم پانی' ایوارڈ کیلئے سینئر موسیقار اِلیاراجہ کے نام کا اعلان۔

اور۔۔۔☆ نیوزی لینڈ نے یک روزہ کرکٹ سیریز 1-2 سے جیتی۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی آکاشوانی سے علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

**ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل' پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**